نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کی تقسیم بارے ضلع ساہیوال میں تقریب کا انعقاد
وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

لاہور 05 نومبر 2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ضلع ساہیوال میں وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت جیتنے والے خوش نصیب کاشتکاروں میں ٹریکٹرز کی تقسیم کیلئے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔اس ضمن میں ضلع ساہیوال میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ممبر صوبائی اسمبلی ملک محمد ارشد، پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات ملک قاسم ندیم، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر محمد آصف طفیل، سپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل زراعت انفارمیشن نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر متعلقہ افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔گرین ٹریکٹر پروگرام کے چوتھے مرحلے کے تحت 10 ہزار 50 تا 65 ہارس پاور ٹریکٹرز 7 لاکھ 50 ہزار روپے فی ٹریکٹر سبسڈی پر فراہم کئے جا رہے ہیں۔ان میں سے ضلع ساہیوال میں مجموعی طور پر 205 کسان کامیاب قرار پائے، جن میں سے 177 کسانوں کو بعد ازاں ٹریکٹر فراہم کیے جا رہے ہیں۔

اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ گرین ٹریکٹرز پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب کا ایک انقلابی اور گیم چینجر پروگرام ہے جس کا مقصد کسانوں کو جدید مشینری تک رسائی فراہم کر کے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب کاشتکاروں کو جدید سہولیات کی فراہمی اور زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب نے گندم کی خریداری کیلئے 4500 روپے فی من قیمت مقرر کی ہے جس سے گندم کی آئندہ فصل کاشتکاروں کیلئے منافع بخش بن گئی ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تصدیق شدہ گندم کے بیج پر کاشتکاروں کے لیے 45 کروڑ روپے کی سبسڈی فراہم کی ہے، جبکہ کسان کارڈ کے تحت گندم کے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کی خریداری کے لیے 150 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔کسان کارڈ کے ذریعے ڈی اے پی کھاد کی خریداری کیلئے 17 ارب روپے کی اضافی بلاسود رقم بحساب 3500 روپے فی ایکڑ فراہم کی گئی ہے۔

☆☆☆☆